استنبول اور پنجاب حکومت کا لاہور میں 100 جدید ٹیکسیاں چلانے کا معاہدہ

یہ شہریوں کیلئے تحفہ ہے: شہباز شریف

وزیر اعلیٰ سے سکاٹش رکن پارلیمنٹ کی ملاقات، میئر استنبول کا میٹرو بس میں سفر، بادشاہی مسجد، پولوگراؤنڈ اور ایچی سن کالج گئے

لاہور (جنرل رپورٹر، خصوصی رپورٹر) استنبول میٹروپولیٹن اور پنجاب حکومت کے درمیان اے ٹیکسی معاہدے پر دستخط ہو گئے، ابتدائی طور پر لاہور میں 100 جدید اے ٹیکسیاں چلائی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے درمیان دوستی صدیوں پر محیط ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں اے ٹیکسی متعارف کرائی جارہی ہے، ابتدائی طور پر لاہور میں 100 اے ٹیکسیاں چلائی جائیں گی اور اسکے بعد ان میں بتدریج اضافہ کیا جائے گا۔ یہ اے ٹیکسیاں شہریوں کیلئے تحفہ ہے۔ وزیر اعلیٰ شہباز شریف اور میئر استنبول ڈاکٹر قادر توپباش نے جدید ریڈیو کیب ٹیکسی سروس کا افتتاح کر دیا، ٹیکسی سروس کے افتتاح کے بعد وزیر اعلیٰ اور میئر استنبول نے جدید ریڈیو کیب گاڑی میں بیٹھے اور گاڑی کو چلایا۔ وزیر اعلیٰ شہباز شریف نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکی کی دوستی صدیوں پر محیط ہے اور دنیا جانتی ہے کہ پاکستان اور ترکی کے عوام یکجان دو قالب ہیں بلاشبہ دونوں ملکوں کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔ ترک قیادت رجب طیب اردگان اور وزیر اعظم محمد نواز شریف کے دور میں پاک ترک دوستی کو نئی جہت ملی ہے اور یہ دوستی سود مند معاشی تعلقات میں بدل چکی ہے اور دونوں ملکوں کے مابین تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ترکی کے سفیر بابر ایس گرگن، ایم این اے مہر اشتیاق احمد، خواجہ احمد حسان، البراک گروپ نوری البراک کے علاوہ شہریوں کی بڑی تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔ علاوہ ازیں وزیر اعلیٰ پنجاب سے سکاٹ لینڈ کے رکن پارلیمنٹ حنظلہ ملک نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دو طرفہ تعلقات کے فروغ اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ محمد شہباز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور سکاٹ لینڈ کے درمیان قریبی دوستانہ تعلقات ہیں۔ پنجاب حکومت نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے آزاد و خود مختار اوورسیز پاکستانیز کمیشن قائم کیا ہے۔ مزید براں وزیر اعلیٰ پنجاب سے فاٹا سے تعلق رکھنے والے ایم این اے الحاج شاہ جی گل آفریدی اور سینیٹر تاج محمد آفریدی نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ محمد شہباز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قبائلی علاقوں کے محب وطن عوام کی پاکستان کو محفوظ بنانے کیلئے قربانیاں لائق تحسین ہیں۔ شہباز شریف سے گزشتہ روز استنبول کے میئر ڈاکٹر قادر توپباش نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دو طرفہ تعلقات کے فروغ اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ محمد شہباز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میئر استنبول ڈاکٹر قادر توپباش کا دورہ لاہور بڑھتے ہوئے پاک ترک تعلقات کا عکاس ہے اور چند برس کے دوران دونوں ملکوں کے تاریخی اور برادرانہ تعلقات مفید معاشی روابط میں ڈھل چکے ہیں۔ پاکستانی عوام ترکی اور ترک عوام پاکستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔ استنبول کے میئر ڈاکٹر قادر توپباش نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شہباز شریف نے ہمیشہ کی طرح بے پناہ محبت اور خلوص سے ہماری پذیرائی کی ہے اور پنجاب آ کر لگتا ہے کہ میں اپنے ہی گھر میں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کے فلاح عامہ کے کام ایک رول ماڈل بن چکے ہیں اور جس تیز رفتاری سے شہباز شریف نے منصوبوں کو مقررہ مدت سے بھی قبل مکمل کیا ہے وہ ایک مثال بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کو مشن کے طور پر آگے بڑھا رہے ہیں اور ہم صوبے کی ترقی اور پنجاب کے عوام کی خوشحالی کے لئے اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔ خصوصی رپورٹر کے مطابق میئر استنبول قادر توپباش نے دورہ لاہور کے دوسرا دن انتہائی مصروف اور خوشگوار گزارا، میئر استنبول کا میٹرو بس میں سفر، بادشاہی مسجد، پولو گراؤنڈ اور ایچی سن کالج گئے۔ میئر استنبول قادر توپباش نے وزیر اعلیٰ محمد شہباز شریف سے ناشتے پر ملاقات کے بعد ماڈل ٹاؤن اتفاق بس سٹیشن سے میٹرو بس پر سوار ہوئے، کمشنر، ڈی سی او لاہور اور ڈی جی ایل ڈی اے بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے اتفاق بس سٹیشن سے آزادی چوک تک سفر کرتے ہوئے لاہور کے مختلف مقامات کا مشاہدہ کیا اور دلچسپی کا اظہار کیا۔ آزادی چوک بس سٹاپ سے معزز مہمان بادشاہی مسجد پہنچے۔ صوبائی وزیر اوقاف میاں عطا محمد مانیکا نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ قادر توپباش نے مزار اقبال پر فاتحہ خوانی کی اور مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات درج کئے۔ انہوں نے بادشاہی مسجد میں نوافل بھی ادا کئے۔ بادشاہی مسجد کے خطیب عبدالخبیر آزاد نے معزز مہمان کو بادشاہی مسجد کی تاریخی اہمیت سے آگاہ کیا۔ بعد ازاں ترک مہمان نے تاریخی بادشاہی مسجد کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور بادشاہی مسجد کے فن تعمیر کو سراہا۔ لاہور چیمبر آف کامرس کی طرف سے ترک مہمان کے اعزاز میں پولو گراؤنڈ میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا۔

ShareThis
ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے
آج کا اخبار پڑھئے